نمبر (۳۸) جلد (۴۱)

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۱۸ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر سید اشتیاق علی صاحب ...	
۲	رخصت منشی بھگوتی پرشاد اہلمد ...	
۳	تقرر منشی [illegible] بعہدہ مددی ...	
۴	[illegible]	
۵	رخصت محمد یونس خان محرر ...	
۶	تنزلی مدرس [illegible] ...	
۷	تقرر [illegible] بعہدہ مددی ...	
۸	[illegible] ...	
۹	نقشہ [illegible]	

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

سید اشتیاق علی کے خدمات ممالک صوبہ سرحدی سے مستعار لئے گئے ہیں۔ انکا تقرر ۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء سے بشاہرہ ایک سو پچیس روپیہ ماہوار ممبر بورڈ آف آڈٹ کے عہدہ پر منظور کیا جاتا ہے پنشن اور رخصت کنٹریبیوشن کی رقم اسکے علاوہ ریاست سے دیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار کی دفتر گزٹ کو مرسل ہو۔

کاپی مصدقہ

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ واصل باقی نویس صدر مع رائے سررشتہ دار صاحب صدر و حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی بھگوتی پرشاد اہلمد سررشتہ واصل باقی نویس صدر بذمہ داری منشی مرلی لال ڈپٹی سنگرو بال و منشی رام سروپ اہلمدان بعطائے الاؤنس مبلغ پانچ پانچ روپیہ ماہوار از تنخواہ بھگوتی پرشاد رخصتی۔

حکم

ملاحظہ ہوا۔ باتفاق رپورٹ حاکم صاحب صدر و سررشتہ دار صاحب صدر رخصت یکماہ بھگوتی پرشاد اہلمد سررشتہ واصل باقی نویس صدر منظور ہے۔ تنخواہ [illegible] سے پانچ پانچ روپیہ ہر دو اہلمدان مذکورہ رپورٹ

واصلباقی میونسپل صدر کو جملہ کار صفائی تنخواہ رخصتی سے دیئے جاتے ہیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۴؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

سید احمد مڈل پاس کا تقرر ۱۰ عہ ماہوار تنخواہ پر برائے چھ ماہ امتحاناً مدرسہ کمہنڈیا میں کیا جاتا ہے۔ اور عبدالحفیظ مدرس کمہنڈیا پرگنہ حضور تحصیل تنخواہ دار ۱۰ عہ ماہوار کا تبادلہ مدرسہ بھوٹ بقال تحصیل سوار میں کیا جاتا ہے لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۴؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ چیف میڈیکل افسر صاحب درباره اخراج نام گنگا داس کمپونڈر مشاہرہ ۲۵ عہ (پچیس) روپیہ ماہوار بوجہ فوتی از ۲۸؍ اگست ۱۹۲۹ء

حکم

حسب صراحت رپورٹ چیف میڈیکل افسر صاحب اخراج نام گنگا داس کمپونڈر ہونے کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ انچارج سپرنٹنڈنٹ مطبع درباره منظوری رخصت مزید نو یوم منشی محمد یونس خان محرر مطبع بوجہ بقائے علالت۔

حکم

منشی محمد یونس خان محرر مطبع کالرہ میں مبتلا ہو کر ۱۵ یوم رخصت حاصل کر چکے ہیں۔ اسی سلسلہ میں ۹ یوم کی رخصت کی ۱۸؍ ستمبر ۱۹۲۹ء سے درخواست ہے۔ نامبردہ کی رخصت ۹ یوم رعایتی منظور کیجاتی ہے۔ اور چونکہ ختم سال کی وجہ سے کام کی کثرت ہے۔ لہذا مسمی احمد سعید خان کو ایام رخصت یونس خان میں عوض مقرر کیا جاتا ہے۔ احمد سعید خان کو سرکار سے تنخواہ ملیگی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تنزل

۱۹؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

محمد علی سابق مدرس بارہ پورہ حال مدرس کیم پور تحصیل سوار کا یکم ستمبر ۱۹۲۹ء سے ۸ روپیہ ماہوار تنزل کیا جاتا ہے۔

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۹؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرسہ تلامذہ خاص میں مسمی کاشی پرشاد ساکن موضع [illegible] درجہ چہارم پاس کا تقرر امتحاناً برائے چھ ماہ ۵ عہ تنخواہ پر کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۸؍ ستمبر ۱۹۲۹ء

اس سے قبل بارہا تمیزالدین خان پیشکار میونسپلٹی کی شکایات مسموع ہوئیں جن پر ہدایات کی گئیں اور سخت فہمائش کی گئی اور تنزل بھی کیا گیا لیکن نامبردہ نے اصلاح نہیں کی دیرینہ ملازمت کا لحاظ کرتے ہوئے تبادلہ پر اکتفا کیا جاتا ہے اور بجائے امداد اللہ خان محافظ دفتری پر نامبردہ کو تبدیل کیا جاتا ہے صاحب میونسپل افسر کو پیشکار کی جگہ آدمی پسند کرنے کے لئے لکھا گیا تھا جس میں صاحب موصوف کو کچھ تردد ہے۔ اس لئے مناسب ہے کہ موجودہ اہلمدان میں سے شبیر علی خان اہلمد تغیرات عام کو امتحاناً تین ماہ کیلئے میونسپل افسر کی پیشکاری پر مقرر کیا جاتا ہے۔ بعد تین ماہ کے رپورٹ کارکردگی آنے پر مستقل کیا جائیگا۔ ہماری نظر میں بمقابلہ دیگر اہلمدان شبیر علی خان اس کام کو اہل تر ہیں اگر اس مدت امتحانی میں صاحب میونسپل افسر نامبردہ کے کام کو پسند کریں تو مستقل کیا جائیگا۔ وقت مستقلی مناسب اضافہ سے حوصلہ افزائی ہو سکتی ہے محنت اور بااثر افسران کی رضامندی اور سرکاری خیرخواہی کا باعث ہوتی ہیں جس پر لحاظ اور نظر کرکے ہر ماتحت کو کام کرنا چاہئے۔ امداد اللہ خان کو بجائے شبیر علی خان اہلمد تغیرات عام پر تبدیل کیا جانا منظور ہے پیشکار تمیزالدین خان ہو تغیرات عام کا کاغذات حسب ہدایت ہو کر چارج میں دلوا دئے جاویں اور محافظ خانہ کا چارج بھی منشی گوبند پرشاد فہرست مرتب کرکے دلوا دیں تاکہ آئندہ کسی قسم کی بے ضابطگی نہ ہو۔ اس نئی تنخواہ موجودہ تنخواہ پر تبادلہ منظور کیا گیا ہے اگر محافظ خانہ میں بھی سال سرکاری کاغذات کے اتلاف یا جلد خرابی کی صورت پیدا ہو تو وقت محافظ خانہ ضروری ہے جس میں کسی اور شکایت میں ہر تمیزالدین خان کی مادی کے موافق ثابت ہوئی تو ثابت ہونے پر گذشتہ کی طرح چشم پوشی اور درگذر نہیں کیا جائیگا جس طرح ہدایت کر دی گئی ہے صاحب میونسپل افسر ایک ماہ بعد محافظ خانہ کی حالت اور کام کو دیکھ کر رپورٹ ارسال کریں بصورت خرابی کام مناسب تدارک کیا جائیگا صاحب میونسپل افسر سب کے چارج دلوا کر رپورٹ تعمیل ارسال کریں۔ لہذا حکم ہوا کہ روبکار ہذا تعمیلاً جاری کار روائی اجرا سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ذریعہ نقل حکم صاحب میونسپل افسر کو اطلاع دیجائے۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۷ ستمبر لغایتہ ۱۳ ستمبر ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ		
	بارش روزانہ	از یکم جون	بارش روزانہ	از یکم جون	بارش روزانہ	از یکم جون	بارش روزانہ	از یکم جون	بارش روزانہ	از یکم جون	بارش روزانہ	از یکم جون	
۷ ستمبر ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۳۰۰	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	۰	۱۹۳	۰	۱۵۱	۰	۲۸۱	
۸ ستمبر ۱۹۲۹ء یوم یکشنبہ	۰	۳۰۰	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	۰	۱۹۳	۰	۱۵۱	۰	۲۸۱	
۹ ″ ″ دوشنبہ	۰	۳۰۰	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	۰	۱۹۳	۰	۱۵۱	۰	۲۸۱	
۱۰ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۳۰۰	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	۰	۱۹۳	۰	۱۵۱	۰	۲۸۱	
۱۱ ″ ″ چہارشنبہ	۰	۳۰۰	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۵۱	۲	۲۸۳	
۱۲ ″ ″ پنجشنبہ	۲	۳۰۲		۲۹۴	۰	۳۰۵	″	۰	۷	۱۵۸	۰	۲۸۳	
۱۳ ″ ″ جمعہ	۰	۳۰۲	۰	۲۹۴	۰	۳۰۵	″	۰	۰	۱۵۸	۰	۲۸۳	
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ہفتہ سوم ماہ ستمبر ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
نخود گندم آمیز	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	
مکا	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
جئی	[illegible]	۰	۰	[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	۰	۰	۰	[illegible]	۰	[illegible]	
[illegible]	[illegible]	۰	۰	[illegible]	۰	[illegible]	
ارہر	[illegible]	۰	۰	[illegible]	۰	[illegible]	
برنج	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
روغن سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
نمک سانبھر	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
نمک لاہوری	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	
قند سیاہ	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	
باجرہ	نرخ بازار	۰	۰	۰	۰	[illegible]	

سرکاری پریس ریاست رامپور

نوٹ۔ ہفتہ دوئم ماہ اگست کے ضمیمہ گزٹ نمبری ۳۳ میں حضور تحصیل کے گھی کا نرخ اصل نقشہ میں غلط درج ہوگیا جس سے غلط تحریر ہوگیا جس کی صحت حسب الحکم اعلان کی جاتی ہے ۱۰ سیر کی بجائے ۵ چھٹانک اور ۵ سیر کی بجائے ۵ چھٹانک صحیح ہے۔